# عمران خان کے گرنے سے ملک بھر میں لوگ صدمے سے دوچار، آنکھوں میں آنسو، صحت یابی کی خبر پر خوشی کی لہر

کراچی (جنگ نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے منگل کو اسٹیج سے گرنے کے مناظر دیکھ کر کراچی تا پشاور پورے ملک میں لوگوں کے دل ڈوب گئے، ہر طبقہ فکر کے عوام خصوصاً نوجوان اور خواتین دکھ و صدمے سے دوچار تھے، ان کے سر میں شدید چوٹ کی ابتدائی خبریں سن کر بے ہوشی کی حالت میں اٹھا کر لے جانے کے ٹی وی منظر دیکھ کر خصوصاً خواتین اور نوجوان اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے، ان کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور ہاتھ اٹھا کر قومی رہنما کی صحت و زندگی کے لئے دعائیں مانگ رہے تھے، پورے ملک میں صرف عمران خان کے چاہنے والے ہی نہیں ہر طرح کے لوگ، شہری و دیہاتی، تعلیم یافتہ و ناخواندہ، اعلیٰ و نچلے طبقہ سے تعلق رکھنے والے پاکستانی پریشان، بے چین، افسردہ، اداس اور غمزدہ تھے، اگرچہ ٹی وی چینلز کے دفاتر فون کر کے تازہ ترین اور صحیح خبر معلوم کرنے کے لئے فون کرتی رہی وہ روتے ہوئے پوچھ رہے تھے کہ خان صاحب خیریت سے تو ہیں! زیادہ زخم تو نہیں آئے؟ بالآخر لوگوں کی دعائیں رنگ لائیں اور عمران خان ہوش میں آ گئے تو جیسے ہی یہ خبر چینلز پر نشر ہوئی نوجوانوں کی بڑی تعداد خوشی کا اظہار کرنے کے لئے گھروں سے نکل آئے ان کے چہروں پر خوشی اور آنکھوں میں چمک تھی کہ ملک کو تبدیل کا حوصلہ ہی دینے والا رہنما بخیریت اور صحت مند ہے ان کے پریشانی مسرت میں بدل گئی، مختلف شہروں میں لوگ کپتان سے محبت و عقیدت کا اظہار کر رہے تھے۔